احرام کی چادر باندھ کر فولڈ کی جاتی ہے، اس میں نماز کا حکم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1953

تاریخ اجراء: 06 ربیع الثانی 1446ھ/10 اکتوبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

نماز میں کفِ ثوب یعنی کپڑے کو فولڈ کرنا منع ہے، تو احرام کی جو چادر باندھ کر فولڈ کی جاتی ہے، اس میں نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نماز میں کپڑا فولڈ کرنا مکروہِ تحریمی، ناجائز اور گناہ ہے، مگر فقہائے کرام نے فولڈ کرنے کی ہر صورت کو مکروہِ تحریمی اور گناہ نہیں فرمایا، بلکہ کراہتِ تحریمی کی بنیاد ایک خاص ضابطے پر رکھی ہے اور وہ ضابطہ شرعیہ یہ ہے کہ اس انداز میں کپڑا فولڈ کرنا جو خلافِ معتاد ہو، یعنی عادۃً اور عموماً اُس انداز میں کپڑے کو فولڈ نہ کیا جاتا ہو، تو اُس انداز میں فولڈ کر کے نماز پڑھنا، مکروہِ تحریمی اور گناہ ہے۔ اِس ضابطے کے تناظر میں غور کیجیے تو احرام کی چادریں باندھنے کا طریقہ ہی یہ ہے کہ اس کو مخصوص مقامات سے فولڈ کرنا پڑتا ہے لہٰذا یہ کفِ ثوب میں داخل نہیں۔ اس حوالے سے مفید معلومات کے لیے درج ذیل لنک پر موجود فتوے کا مطالعہ فرمائیں:

https://www.fatwaqa.com/ur/fatawa/namaz/high-neck-sweater-dupatta-waghaira-fold-kar-ke-namaz-padhna-kaisa

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net